https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | جمعرات 18 ربیع الثانی 1448ھ یکم اکتوبر 2026ء | شمارہ:204

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نا نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



پاک چین دوستی ہر امتحان کا سامنا کیا ہمارے دانت کھٹے کرتے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف نے چین کی 77 ویں سالگرہ پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ چین کا عالمی امن اور ترقی میں اہم کردار ہے اور ہم چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے دوسرے مرحلے میں داخل ہو رہے ہیں

چین کے صدر شی جن پنگ اور چین کے عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں یہ تاریخی دن عظیم چینی قوم کی ثابت قدمی، اتحاد اور ناقابل تسخیر جذبے کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے، وزیراعظم شہباز شریف

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے چین کی 77 ویں سالگرہ پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ چین کا عالمی امن اور ترقی میں اہم کردار ہے اور ہم چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے دوسرے مرحلے میں داخل ہو رہے ہیں۔ وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیے کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 77 ویں سال گرہ کے موقع پر تقریب سے خطاب کیا اور کہا کہ چین کے قومی دن کی تقریب میں شرکت میرے لیے باعث مسرت ہے اور اس موقع پر چین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اہم خبر



شرجیل میمن کی کراچی پریس کلب آمد، صحافیوں کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آزادی صحافت اور صحافیوں کی فلاح کیلئے کردار ادا کیا، دونوں ساتھ چلیں گے تو جمہوریت مضبوط ہوگی، سینئر صوبائی وزیر

صحافی اور سیاسی جماعتیں جمہوریت کی گاڑی کے دو پہیے

شرجیل میمن

اپنے اعزاز میں دیے گئے ظہرانے میں شرکت کی جہاں صدر فاضل جمیلی، سیکریٹری جنرل اسلم خان، سینئر صحافی مظہر عباس اور دیگر عہدیداران نے ان کا استقبال کیا، صحافی برادری کے مسائل کے حل اور آزادی صحافت کیلئے آواز بلند کی ہے

محترمہ بے نظیر بھٹو اور آصف علی زرداری کے ادوار میں بھی صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کیے گئے، انہوں نے بتایا کہ سندھ وژن کے تحت نومبر میں تھرپارکر اور سکھر میں پروگرام منعقد کرنے کی تجویز ہے، جس کیلئے 15 سے 17 نومبر کی تاریخیں عارضی طور پر تجویز کی گئی



کراچی سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن کراچی پریس کلب کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں، پریس کلب کے صدر فاضل جمیلی اور سیکرٹری اسلم خان بھی موجود ہیں

کراچی (علیم نواب خان سے) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آزادی صحافت اور صحافیوں کے حقوق کیلئے اپنا کردار ادا کیا ہے، صحافی اور سیاسی جماعتیں جمہوریت کی گاڑی کے دو پہیے ہیں، دونوں ساتھ چلیں گے تو جمہوریت مضبوط ہوگی۔ وہ کراچی پریس کلب کے عہدیداران کی دعوت پر پریس کلب پہنچے، جہاں صدر فاضل جمیلی، سیکریٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ڈرگ روڈ پر ڈمپر کی ٹکر سے مدرسے کا طالب علم جاں بحق

کراچی (این این آئی) ڈرگ روڈ انڈر بائی پاس کے قریب ڈمپر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار ایک نوجوان جاں بحق جبکہ 15 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کراچی: فائرنگ اور تیز دھار آلے کے وار سے پولیس اہلکار سمیت 3 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) کیماڑی، سرجانی ٹاؤن اور بلدیہ ٹاؤن میں فائرنگ اور تیز دھار آلے کے وار سے پولیس اہلکار سمیت 3 افراد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کراچی، گلبائی میں فائرنگ سے دو بھائی جاں بحق، ایک شخص زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں گلبائی ٹول پمپ کے قریب بلوچ پاڑہ میں لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ کے نتیجے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

جیکب آباد: لیڈی پولیس کانسٹیبل زیبا لاشاری کے بدلتے بیانات

مبینہ زیادتی کیس مزید پیچیدہ ہو گیا میڈیکل رپورٹ تاحال موصول نہیں ہوئی

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد: لیڈی پولیس کانسٹیبل زیبا لاشاری کے بدلتے بیانات، مبینہ زیادتی کیس مزید پیچیدہ ہو گیا تفصیلات کے مطابق لیڈی پولیس کانسٹیبل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

سندھ کابینہ کا اجلاس (آج) طلب، 15 نکاتی ایجنڈے پر غور ہوگا

وزیراعلیٰ سندھ کی زیر صدارت اجلاس میں اہم انتظامی امور اور مختلف محکموں کی سمریاں زیر غور آئیں گی

کراچی (این این آئی) سندھ کابینہ کا اہم اجلاس آج جمعرات کو صبح 11 بجے وزیراعلیٰ سیکریٹریٹ میں طلب کرلیا گیا، اجلاس کی صدارت وزیراعلیٰ سندھ کریں گے۔ ذرائع کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کینیڈین ورک ویزا فراڈ، ایف آئی اے نے شہری کے ساڑھے 7 لاکھ روپے واپس کرادیے

اے ایچ ٹی سی کراچی کی کارروائی، ورک ویزا دلانے کے نام پر رقم ہتھیانے کی شکایت پر رقم برآمد

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل (اے ایچ ٹی سی) کراچی نے کینیڈین ورک ویزا فراہم کرنے کے نام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

پاکستان سرمایہ کاری کیلئے موزوں، وزیراعظم برطانوی اداروں کا اصلاحات پر اظہار اعتماد

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے برطانیہ کے دورے کے دوران آج لندن میں دنیا کے معروف مالیاتی اداروں بارکلیز، جے پی مورگن، سٹی، بلیک راک اور روتھ شیلڈ اینڈ کو کے اعلیٰ حکام سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں پاکستان کے معاشی اصلاحاتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

گورنر سندھ سے آسٹریا کے اعزازی قونصل جنرل کی ملاقات

ڈاکٹر حسین اسلام کا پاک آسٹریا تجارتی و اقتصادی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے آسٹریا کے اعزازی قونصل جنرل ڈاکٹر حسین اسلام نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور آسٹریا کے باہمی تعلقات، تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں آسٹرین آرمسٹس PawlikRobert اور Ms. Michaela (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

صنعتی علاقوں میں لوڈشیڈنگ کیخلاف 19 صنعتی اداروں کا سندھ ہائیکورٹ سے رجوع

عدالت نے کے الیکٹرک، نیپرا اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 19 اکتوبر کو جواب طلب

کراچی (این این آئی) کراچی انڈسٹریل سائٹ ایریا کے 19 صنعتی اداروں نے صنعتی علاقوں میں طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا۔ عدالت نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

عمرہ کی آڑ میں آسٹریلیا جانے کی کوشش، 3 مسافر آف لوڈ

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) امیگریشن کراچی نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے عمرہ سفر کی آڑ میں غیر قانونی طریقے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

ٹیکنیکل بورڈ کی میٹرک رجسٹریشن کی تاریخ میں بغیر لیٹ فیس توسیع

کراچی (این این آئی) سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن نے کراچی سمیت سندھ بھر میں میٹرک ٹیکنیکل تعلیم اور ٹیکنیکل اسکول سرٹیفکیٹ (ٹی ایس سی ون) سیشن 2026-27 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ایس ایم ایز کو مالیاتی سہولیات کی فراہمی، ابھی بینک کار اولپنڈی چیمبر سے معاہدہ

کاروباری اداروں کو توسیع، پیداواری صلاحیت میں بہتری اور ترقی کیلئے مالی وسائل تک رسائی فراہم کرنے پر اتفاق

کراچی (این این آئی) ابھی مائیکرو فنانس بینک نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کو مالیاتی سہولیات تک رسائی بہتر بنانے اور کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے کے لیے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کر دیے۔ مفاہمت کی یادداشت پر راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عثمان شوکت اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)



پاکستان وناپتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے نومنتخب چیئرمین نوید احمد، سینئر وائس چیئرمین فادو حید، وائس چیئرمین شیخ آصف سعید، پیٹرن ان چیف عبدالرزاق، چیئرمین پی وی ایم اے شیخ عمر ریحان، صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ، خالد اسلام، شعیب خان، کائنات رضا و دیگر کا گروپ فوٹو۔

چوہدری نوید احمد PVMA کے بلامقابلہ چیئرمین منتخب

فادو حید سینئر وائس چیئرمین، شیخ آصف سعید وائس چیئرمین منتخب، چیئرمین شیخ عمر ریحان اور پیٹرن عبدالرزاق کی زیر صدارت اجلاس

عاطف اکرام شیخ، عبدالمہیمن خان کی خصوصی شرکت، خواتین کی نشست پر ثناء شعیب اور مارو اشعیب کامیاب قرار، رشید جان محمد بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان وناپتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی وی ایم اے) میں نوید احمد بلامقابلہ چیئرمین، فادو حید سینئر وائس چیئرمین جبکہ شیخ آصف سعید وائس چیئرمین منتخب ہوگئے۔ جبکہ عبدالرزاق کو ایسوسی ایشن کا پیٹرن ان چیف مقرر کر دیا گیا۔ نومنتخب عہدیداروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

رئیسہ عدالی اخباری صنعت کو درپیش مسائل جلد حل کرنے کی یقین دہانی

وزیراعظم کی جانب سے پرنٹ میڈیا کے سرکاری اشتہارات کے نرخوں میں اضافے کے وعدے پر تاحال عمل درآمد نہیں ہوا

صدر سینئر سرمد علی کی پی آئی او سے گزارش، سینئر نائب صدر ناز آفرین سہگل لاکھانی، نائب صدر شہاب زبیری اور جنرل سیکریٹری محمد اطہر قاضی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) پی آئی او کی اخباری صنعت کو درپیش مسائل جلد حل کرنے کی یقین دہانی؛ رئیسہ عادل کی اے پی این ایس ہاؤس کراچی آمد، سندھ کی ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان سے ملاقات؛ اخباری صنعت مشکلات سے دوچار ہے، وعدے کے مطابق سرکاری اشتہارات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)



پی آئی او رئیسہ عادل، ڈی جی پی آئی ڈی ارم تنویر، اے پی این ایس کے صدر سینئر سرمد علی، ناز آفرین سہگل لاکھانی، سینئر نائب صدر، نائب صدر شہاب زبیری، سیکریٹری جنرل محمد اطہر قاضی اور دیگر عہدیداران و شرکاء کا لیا گیا گروپ فوٹو

سندھ کے میڈیکل داخلہ ٹیسٹ میں کراچی کے طلبہ سے امتیازی سلوک، منعم ظفر

کراچی کے مقابلے میں اندرون سندھ کے بعض اضلاع کے طلبہ کی کامیابی کا تناسب زیادہ، وفاقی حکومت پورے نظام کی نگرانی کرے، امیر جماعت اسلامی کراچی

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے سندھ کے میڈیکل داخلہ ٹیسٹ کے نتائج پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی کے طلبہ کے ساتھ امتیازی سلوک کیا گیا، وفاقی حکومت میڈیکل داخلہ ٹیسٹ کے پورے نظام کی خود نگرانی کرے۔ ادارہ نورحق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

درآمدی پرانی گاڑیوں کی جانچ، وفاقی کابینہ کے اجلاس کی تفصیلات طلب

62 اقوام متحدہ ضوابط کے تحت حفاظتی و ماحولیاتی معیار کی جانچ یقینی بنانے کی درخواست، حکومت نے کابینہ اجلاس کا حوالہ دے دیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ کے روبرو پرانی گاڑیوں کی درآمد کے دوران اقوام متحدہ کے ضابطوں پر عمل درآمد نہ کرنے سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کو مقررہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

سندھ میں ریبیز سے 35 اموات، محکمہ صحت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان

9 ماہ میں کتوں کے کاٹنے کے 2 لاکھ سے زائد کیسز تشویشناک ہیں، سرکاری اسپتالوں میں اینٹی ریبیز ویکسین کی مستقل فراہمی یقینی بنائی جائے، رضوان نیازی

کراچی (این این آئی) پی ٹی آئی سندھ کے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری رضوان نیازی نے سندھ میں کتوں کے کاٹنے کے بڑھتے ہوئے واقعات اور ریبیز سے ہونے والی اموات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

مختلف علاقوں میں مبینہ پولیس مقابلے، 8 زخمیوں سمیت 9 ڈاکو گرفتار

کراچی (این این آئی) جوہر آباد، اقبال مارکیٹ، محمود آباد، گلشن معمار، سچل اور پاپوش نگر پولیس نے مبینہ مقابلوں کے بعد 8 زخمیوں سمیت 9 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقدی اور موٹر سائیکلیں برآمد کی گئی ہیں۔ تفصیلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

قطر سے ایل این جی فراہمی میں تعطل، صنعتی پہیہ رکنے کا خدشہ

گیس بحران سے بچنے کیلئے راشننگ اور اسپاٹ کارگو خریدے جائیں

برآمدی صنعتوں کو ترجیحی بنیادوں پر گیس دی جائے، میاں زاہد حسین

کراچی (این این آئی) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچوئل فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر میاں زاہد حسین نے قطر کی جانب سے فورس میجر کے تحت پاکستان کو ایل این جی کی فراہمی 5 نومبر تک معطل ہونے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس سپلائی میں تعطل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

اسٹیل صنعت کیلئے بجلی پر سیلز ٹیکس کی شرح مزید سخت

ری رولرز بجلی کے ہر یونٹ پر 30 روپے سیلز ٹیکس دیں گے، ایف بی آر کا نوٹیفکیشن

مقامی اسکریپ استعمال کرنے والے یونٹس سے بجلی کے ہر یونٹ پر 20 روپے سیلز ٹیکس وصول کیا جائیگا

کراچی (این این آئی) ایف بی آر نے اسٹیل صنعت کیلئے بجلی پر سیلز ٹیکس کی شرح مزید سخت کردی ہے، فاٹا، پاٹا اور ری رولرز کو کم ٹیکس شرح مخصوص شرائط سے مشروط کردی گئی۔ ایف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

میر رضا کیس؛ کرپٹو ٹریڈنگ، شہریوں کی تحقیقات کی درخواست

اہلخانہ کے وکیل جبران ناصر نے مزید سوالات جوڈیشل کمیشن کو جمع کرادیے

کراچی (این این آئی) میر رضا کے ٹرل کی ممکنہ وجہ کرپٹو ٹریڈنگ سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

پاکستان ہوٹلز ایسوسی ایشن کا قومی سطح پر سیاحت کے فروغ کے اقدام کا اعلان

PHA وفاقی اور صوبائی سیاحتی اداروں، ٹورازم بورڈز اور نجی شعبے کے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر پاکستان کی متنوع سیاحتی صلاحیتوں کو اجاگر کرے گی

پاکستان میں سیاحت کے بے پناہ مواقع اور دنیا کے سامنے ملک کا مثبت اور مؤثر تشخص پیش کرنے کیلئے سرکاری و نجی شعبے کی مربوط کوششیں ضروری، چیئرمین محمد انور قریشی

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان ہوٹلز ایسوسی ایشن (PHA) کے چیئرمین محمد انور قریشی کے انتخاب کے بعد ایسوسی ایشن نے پاکستان کو ایک نمایاں عالمی سیاحتی منزل کے طور پر فروغ دینے کے لیے ایک نئے قومی اقدام کا اعلان کیا ہے۔ PHA وفاقی اور صوبائی سیاحتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

مختلف علاقوں میں مبینہ پولیس مقابلے، 8 زخمیوں سمیت 9 ڈاکو گرفتار

کراچی (این این آئی) جوہر آباد، اقبال مارکیٹ، محمود آباد، گلشن معمار، سچل اور پاپوش نگر پولیس نے مبینہ مقابلوں کے بعد 8 زخمیوں سمیت 9 ڈاکوؤں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقدی اور موٹر سائیکلیں برآمد کی گئی ہیں۔ تفصیلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

بینظیر بھٹو شہید یونیورسٹی لیاری کے وائس چانسلر مستعفی، ملازمین کے ایک گروپ کا مسلسل دباؤ

کراچی (این این آئی) بینظیر بھٹو شہید یونیورسٹی لیاری کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید حسین مہدی نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ ذرائع کے مطابق وائس چانسلر نے گزشتہ روز اپنا استعفیٰ وزیراعلیٰ سندھ کو بھجوا دیا، جس میں انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ ملازمین کے ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

کراچی: بن قاسم ٹاؤن میں جھاڑیوں سے نوجوان لڑکی کی لاش برآمد

مقتولہ لڑکی کو فائرنگ کرکے قتل کیا گیا ہے اور ایک گولی کا نشان دیکھائی دیا ہے، پولیس

کراچی (این این آئی) بن قاسم ٹاؤن اسٹیل مل روڈ جناح گیٹ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

عاطف اکرام شیخ 9 ویں ایشیا پیسیفک ینگ انٹرپرینیور ایوارڈ کیلئے منتخب

بیک وقت CCI-ECO کے صدر کی حیثیت سے کثیر الجہتی تجارتی مذاکرات میں فعال کردار ادا کر رہے ہیں

نجی شعبے میں وہ مجاہد گروپ آف انڈسٹریز کے چیئرمین کی حیثیت سے بھی کاروباری سرگرمیوں کی قیادت کر رہے ہیں

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان کی کاروباری برادری کے لیے ایک اہم اعزاز کے طور پر، فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عاطف اکرام شیخ کو بین الاقوامی اور باوقار 9 ویں ایشیا پیسیفک ینگ انٹرپرینیور ایوارڈ 2026 کے لیے باضابطہ طور پر منتخب کر لیا گیا ہے۔ یہ ممتاز بین الاقوامی اعزاز کنفیڈریشن آف ایشیا پیسیفک چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (CACCI) کی جانب سے دیا جاتا ہے، جو علاقائی تجارت، کاروبار اور صنعت کے فروغ میں نمایاں قیادت اور اہم کردار کو سراہتا ہے۔ اس اعلان کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

دو روز کمی کے بعد سونے کی قیمت میں پھر بڑا اضافہ

فی تولہ سونا 4 ہزار 300 روپے مہنگا، قیمت 4 لاکھ 41 ہزار 636 روپے ہوگئی

کراچی (این این آئی) ملک میں دو روز کمی کے بعد سونے کی قیمت میں ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

عمران ایچ شیخ بینک اسلامی کے صدر و چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر

وہ اس سے قبل بینک اسلامی کے ڈپٹی چیف ایگزیکٹو آفیسر کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں

ان کی قیادت میں بینک نے اپنے تمام کاروباری شعبوں میں ملک گیر موجودگی کو مضبوط کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کے تیزی سے ترقی کرتے ہوئے اسلامی مالیاتی اداروں میں سے ایک، بینک اسلامی نے عمران ایچ شیخ کو اپنا صدر و چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کر دیا ہے۔ عمران شیخ دو دہائیوں سے زائد کا تجربہ اور صنعت کی گہری سمجھ بوجھ رکھتے ہیں۔ وہ اس سے قبل بینک اسلامی کے ڈپٹی چیف ایگزیکٹو آفیسر کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں اور حالیہ برسوں میں بینک کی ترقی کی قیادت کر چکے ہیں۔ ان کی قیادت میں بینک نے اپنے تمام کاروباری شعبوں میں ملک گیر موجودگی کو مضبوط کیا، جس میں شریعہ کے مطابق مالیاتی خدمات تک رسائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

لاہور: مشیر وزیراعلیٰ پنجاب علی ڈار اپنے بیٹے ابراہیم کے ہمراہ مریم نواز اسکول اینڈ ریسورس سینٹر برائے آٹزم لاہور کا دورہ کر رہے ہیں

پاکستان ہوٹلز ایسوسی ایشن کے نومنتخب چیئرمین محمد انور قریشی کے ہمراہ اراکین ہوٹلز ایسوسی ایشن کا لیا گیا گروپ فوٹو

روزنامہ
قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰن ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

خبروں کا عالمی دن۔۔۔!

پاکستان سمیت دنیا بھر میں 28 ستمبر کو خبروں کا عالمی دن منایا گیا۔ اِس دن کو منانے کا مقصد معتبر، حقائق پر مبنی اور ذمہ دار صحافت کی اہمیت اُجاگر کرنے کے ساتھ عوام کو یہ باور کرانا تھا کہ درست اور قابلِ اعتماد اطلاعات تک رسائی ایک صحتمند معاشرے اور جمہوری نظام کی بنیادی ضرورت ہے۔ ورلڈ نیوز ڈے 2026ء کا موضوع ''قابلِ اعتماد صحافت کا انتخاب کریں'' تھا۔ ورلڈ نیوز ڈے کے منتظمین کے مطابق 2025ء میں اِس مہم میں 108 ممالک اور 17 زبانوں کے ایک ہزار سے زیادہ پبلشر شریک ہوئے تھے جبکہ رواں سال اِس مہم کو مزید زبانوں اور خطوں تک وسعت دی گئی۔ یہ دن ہر سال 28 ستمبر کو صحافیوں کے اِس بنیادی کردار کی یاد دہانی کے لئے منایا جاتا ہے جس کے تحت وہ عوام تک تصدیق شدہ، متوازن اور قابلِ اعتبار معلومات پہنچاتے ہیں۔ اقوام متحدہ اور یونیسکو کے زیر اہتمام 28 ستمبر ہی کو ''معلومات تک عالمگیر رسائی کا عالمی دن'' بھی منایا گیا جس کا موضوع ''ڈیجیٹل دور میں معلومات کی ساکھ اور صحت کو برقرار رکھنے اور اطلاعاتی انتشار سے نبٹنے میں معلومات تک رسائی کا کردار'' تھا۔ معلومات تک عالمگیر رسائی اور خبروں کے عالمی دن کے ''قابل اعتماد صحافت'' کے پیغامات دراصل ایک ہی بڑے عالمی مسئلے کی طرف توجہ دلاتے ہیں کہ دنیا ایسے عہد میں داخل ہوچکی ہے جہاں معلومات کی قلت نہیں بلکہ بہتات ہے اور اب اِن میں سچ اور جھوٹ کی تمیز بنیادی مسئلہ بن چکی ہے۔ انٹرنیٹ، سوشل میڈیا اور سمارٹ فون نے جہاں خبر کو چند لمحوں میں دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک پہنچانا ممکن بنایا ہے، وہاں جھوٹی خبر، پراپیگنڈہ اور گمراہ کن مواد بھی اِسی رفتار سے پھیلنے لگا ہے۔ یونیسکو کے مطابق 141 ممالک میں معلومات تک رسائی کے قوانین موجود تھے لیکن قانون کا موجود ہونا اور شہری کو عملاً بروقت معلومات ملنا دو مختلف چیزیں ہیں۔ یونیسکو کے اِن ممالک میں کیے گئے ایک سروے کے مطابق 51 ممالک ریکارڈ رکھنے کے نظام کے باوجود معلومات فراہم نہیں کر سکے۔ یونیسکو اور سینٹر فار لاء اینڈ ڈیموکریسی کے 2025ء کے ایک تجزیے میں 76 ممالک میں 146 معلوماتی درخواستیں دی گئیں، 12 فیصد میں جزوی جواب ملا، چھ فیصد یا تو دائر ہی نہیں کی جا سکیں یا اُن میں دیگر مسائل کا سامنا رہا، دو فیصد میں معلومات دینے سے باضابطہ انکار کیا گیا۔



بیداری آرگنائزیشن کی جانب سے ہنرمند خواتین کیلئے ایک روزہ ورکشاپ

میئر میرپور خاص عبدالرؤف غوری مہمان خصوصی، خواتین کے ہنر کو ملکی معیشت میں شامل کرنا ترقی کی ضمانت ہے



میرپور خاص (بیورو رپورٹ) بیداری آرگنائزیشن کی جانب سے ہنرمند خواتین کے ہنر کو نمایاں کرنے، انہیں مارکیٹ فراہم کرنے اور چیمبر آف کامرس میں رجسٹریشن کے حوالے سے ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی میئر میرپور خاص عبدالروف غوری تھے۔ ورکشاپ میں 60 سے زائد خواتین اور بچیوں نے مختلف دستکاریوں اور کاروباری مصنوعات کے اسٹالز لگا کر اپنی صلاحیتوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

سبسڈی کے باوجود میرپور خاص کے شہریوں کو پیٹرول سبسڈی کے حصول میں شدید مشکلات سامنا



میرپور خاص (بیورو رپورٹ) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی جانب سے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے شروع کی گئی پیٹرول سبسڈی اسکیم کے باوجود میرپور خاص کے شہریوں کو سبسڈی کے حصول میں شدید مشکلات اور مبینہ طور پر تضحیک آمیز رویے کا سامنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

جمس کے آؤٹ سورس ملازمین 4 سال سے ایک ہی تنخواہ پر، 80 کروڑ بجٹ کے باوجود اجرت میں اضافہ نہ ہوسکا


جیکب آباد (نامہ نگار) جمس کے آؤٹ سورس ملازمین 4 سال سے ایک ہی تنخواہ پر، 80 کروڑ بجٹ کے باوجود اجرت میں اضافہ نہ ہوسکا، جمس کا بجٹ 80 کروڑ، آؤٹ سورس ملازمین کی تنخواہیں 4 سال سے منجمد، مہنگائی آسمان پر، جمس آؤٹ سورس عملہ 4 سال پرانی تنخواہوں میں پسنے لگا تفصیلات کے مطابق جیکب آباد انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (جمس) میں آؤٹ سورس بنیادوں پر کام کرنے والا عملہ گزشتہ چار سال سے مبینہ طور پر ایک ہی تنخواہ پر کام کرنے پر مجبور ہے، جبکہ نئے مالی سال کی پہلی سہ ماہی بھی گزر گئی، تاہم آؤٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

میرپور خاص پیر عزت شاہ جیلانی کی ہدایات پر ٹاؤن میر شیر محمد تالپور کی مختلف یونین کونسلز میں جاری صفائی ستھرائی اور ترقیاتی کاموں کا جائزہ



میرپور خاص (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و این اے 211 کے رکن قومی اسمبلی پیر آفتاب شاہ جیلانی، ان کے فرزند سیاسی و سماجی شخصیت پیر حسن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ڈاکٹرز پر اضافی ٹیکس اور پی او ایس سسٹم ناقابلِ قبول، مریضوں پر بوجھ ڈالنا ظلم ہوگا، ڈاکٹر اے جی انصاری



جیکب آباد (نامہ نگار) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن سندھ کے ایکس وائس پریزیڈنٹ ڈاکٹر اے جی انصاری اور دیگر کی جانب سے پہلے ہی ٹیکس ادا کرنے کے باوجود کلینکس پر مزید ٹیکسوں کی وصولی اور پی او ایس (POS) سسٹم کے نفاذ پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ طبی شعبے پر اضافی ٹیکسوں کا بوجھ بالآخر مریضوں کو برداشت کرنا پڑے گا، جو پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور بدامنی کے باعث شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ جیکب آباد میں ڈاکٹرز نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹرز ٹیکس ادا کرنے کے مخالف نہیں، تاہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

میرپور خاص پرانی میرپور کے رہائشی نوجوان کو غیر قانونی حراست میں رکھنے کا الزام، ورثاء کی جانب سے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) پرانی میرپور کے رہائشی نوجوان علی حسن ولد گل حسن کھیڑو کو گزشتہ ہفتہ والے دن سے اولڈ میرپور پولیس اسٹیشن میں مبینہ طور پر غیر قانونی حراست میں رکھنے کا الزام عائد کیا گیا ہے، ورثاء کی جانب سے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے الزام عائد کیا گیا کہ نوجوان کو بغیر کسی جرم کے زیر حراست رکھا گیا ہے، جس سے گھر میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے، مظاہرین نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ نوجوان کو فوری طور پر ظاہر کر کے انصاف فراہم کیا جائے۔ اس حوالے سے جبری طور گم کیے ہوئے نوجوان کے ورثاء غلام قادر کھیری، گل حسن کھیری، مبارک علی کھیری، ارشد علی کھیری کی درجنوں برادری کے افراد نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ایس ایس پی میرپور خاص ساجد امیر سدوزئی سے معاملے کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔

جیکب آباد کی تحصیل ٹھل کے گاؤں فضل الٰہی بنگلانی میں افسوسناک واقعہ تالاب میں معصوم بچہ ڈوب کر فوت

جیکب آباد (نامہ نگار) تالاب میں معصوم ڈوب کر فوت تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل ٹھل کے گاؤں فضل الٰہی بنگلانی میں افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں پانچ سالہ بچہ مزمل بنگلانی مچھلی کے تالاب میں ڈوب کر جاں بحق ہوگیا۔ واقعے کے بعد علاقے میں کہرام مچ گیا جبکہ کمسن بچے کی اچانک موت پر اہلخانہ غم سے نڈھال ہوگئے۔ مقامی افراد کے مطابق تالاب میں ڈوبنے کے باعث بچے کی جان چلی گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی اہل علاقہ موقع پر پہنچ گئے اور بچے کی لاش کو تالاب سے نکالا گیا۔ کمسن بچے کی تدفین کے حوالے سے اہلخانہ کی جانب سے انتظامات کیے جارہے ہیں۔

میرپور خاص: شوہر کے مبینہ تشدد کے خلاف خاتون کا پریس کلب کے سامنے احتجاج، وومین تھانے پہنچ گئی

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) شوہر کے مبینہ تشدد کے خلاف خاتون کا پریس کلب کے سامنے احتجاج، وومین تھانے پہنچ گئی، بھانسکھ آباد کی رہائشی خاتون فرحانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



فیصل عبداللہ چاچڑ، ساجد امیر سدوزئی کی ہدایات: پولیس میں گڑبڑ کا، ماوا کے خلاف اسکریننگ مکمل 1700 اہلکاروں کا معائنہ



میرپور خاص (بیورو رپورٹ) پولیس میں گڑبڑ کا، ماوا کے خلاف اسکریننگ مکمل، 1700 اہلکاروں کا معائنہ کیا گیا، ڈی آئی جی کیپٹن (ر) فیصل عبداللہ چاچڑ اور ایس ایس پی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

جیکب آباد: مہنگائی کے خلاف عام انسان تحریک پاکستان کی دوسرے روز بھی بھوک ہڑتال، ڈی سی آفس کے سامنے دھرنا

جیکب آباد (نامہ نگار) عام انسان تحریک پاکستان کی جانب سے بڑھتی ہوئی مہنگائی اور آٹے کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف دوسرے روز بھی ڈپٹی کمشنر جیکب آباد کے دفتر کے گیٹ کے سامنے دھرنا دے کر علامتی بھوک ہڑتال کی گئی۔ بھوک ہڑتال کی قیادت مرکزی رہنماؤں سید علی شاہ، الطاف میرا، بلاول لغاری، مجیب کھوسو، عاشق لاشاری، مبین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

چیمبر کے نومنتخب صدر خان عبدالخالق خان کی جانب سے سابق صوبائی وزیر اور یوبی جی کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر، عاطف اکرام شیخ کے اعزاز میں استقبالیہ

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) چیمبر آف کامرس کے نومنتخب صدر خان عبدالخالق خان کی جانب سے سابق صوبائی وزیر اور یوبی جی کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر، صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ، وائس پریزیڈنٹ ورنچل چیئرمین پنجاب ذکی اعجاز، ریجنل چیئرمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)



نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

شیخ محمد بن زاید، شیخ حمدان اور شیخ ذیاب کا دبئی میں اتحاد ریل اسٹیشن کا شاندار افتتاح

شیخ محمد بن زاید نے ابوظہبی سے دبئی تک اتحاد ریل میں سفر کیا، جبکہ شیخ حمدان اور شیخ ذیاب نے دبئی اسٹیشن کا افتتاح کیا

شیخ حمدان بن محمد، شیخ ذیاب بن محمد اور شاذی ملک نے قومی مسافر ریل نیٹ ورک کی خدمات اور سہولیات کا جائزہ لیا

شیخ محمد بن زاید، شیخ حمدان بن محمد، شیخ ذیاب بن محمد اور شاذی ملک نے جدید سفری نظام اور قومی رابطوں کی اہمیت اجاگر کی



دبئی (بزنس رپورٹر) متحدہ عرب امارات کے صدر عزت مآب شیخ محمد بن زاید آل نہیان کی موجودگی میں دبئی کے ولی عہد، نائب وزیراعظم اور وزیر دفاع شیخ حمدان بن محمد بن راشد آل مکتوم، اور صدارتی عدالت برائے ترقیاتی امور و شہداء کے نائب چیئرمین اور اتحاد ریل کے چیئرمین شیخ ذیاب بن زاید آل نہیان نے آج اتحاد ریل کے دبئی اسٹیشن کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس افتتاح کے ساتھ متحدہ عرب امارات کے قومی مسافر ریل نیٹ ورک کا باضابطہ آغاز ہوگیا، جو ملک کے مختلف شہروں اور علاقوں کو آپس میں جوڑنے کے ایک نئے مرحلے کی علامت ہے۔ ابوظہبی، دبئی اور فجیرہ کے درمیان مسافر ریل خدمات کا آغاز 30 ستمبر 2026 سے ہوگا۔ افتتاحی تقریب سے قبل شیخ محمد بن زاید آل نہیان نے قومی مسافر ریل نیٹ ورک کے باضابطہ آغاز سے پہلے اتحاد ریل کے ذریعے ابوظہبی سے دبئی تک سفر کیا۔ اس دوران انہوں نے اتحاد ریل کی سرگرمیوں، قومی اہداف اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی عالمی معیار کی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دبئی اسٹیشن پہنچنے پر شیخ محمد بن زاید نے منصوبے پر کام کرنے والے متعدد اماراتی ماہرین اور نوجوان پیشہ ور افراد سے ملاقات کی اور ان کی خدمات کو سراہا۔ افتتاحی تقریب میں صدارتی عدالت برائے خصوصی امور کے نائب چیئرمین شیخ حمدان بن محمد بن زاید آل نہیان، متحدہ عرب امارات کے صدر کے مشیر شیخ محمد بن حمد بن محمون آل نہیان اور دیگر اعلیٰ حکام نے بھی شرکت کی۔ دورے کے دوران شیخ حمدان بن محمد بن راشد آل مکتوم نے شیخ ذیاب بن محمد بن زاید آل نہیان کے ہمراہ اسٹیشن کی جدید سہولیات، خدمات، آپریشنل نظام اور جدید ٹیکنالوجی کا معائنہ کیا، جو مسافروں کو آمد، ٹکٹنگ، بورڈنگ اور منزل تک ایک آسان اور مربوط سفری تجربہ فراہم کرتی ہیں۔ اتحاد ریل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر شاذی ملک نے شیخ حمدان کو قومی مسافر ریل نیٹ ورک میں دبئی اسٹیشن کے کردار اور دبئی کو ملک کے دیگر حصوں سے جوڑنے میں اس کی اہمیت کے بارے میں بریفنگ دی۔ شیخ حمدان بن محمد نے منصوبے پر کام کرنے والے اماراتی ماہرین سے بھی ملاقات کی اور ریل کے شعبے میں قومی مہارتوں کے فروغ کے لیے ان کی کاوشوں کو سراہا۔ اس موقع پر شیخ حمدان بن محمد بن راشد آل مکتوم نے کہا کہ اتحاد ریل کا دبئی اسٹیشن دبئی، ابوظہبی اور دیگر امارات کے درمیان ایک نئی رابطہ گاہ بنے گا، جو شہری اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے ساتھ دبئی کی عالمی کاروباری، سیاحتی اور سرمایہ کاری مرکز کی حیثیت کو مزید مستحکم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ قومی ریل نیٹ ورک میں دبئی کا انضمام شہر کے ٹرانسپورٹ انفراسٹرکچر کو مزید مضبوط بنائے گا اور مستقبل کی ترقیاتی ضروریات کو پورا کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔ شیخ ذیاب بن محمد بن زاید آل نہیان نے کہا کہ قومی مسافر ریل نیٹ ورک کا آغاز ''پروجیکٹس آف دی 50'' کی تکمیل کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے، جو امارات کے درمیان رابطوں کو فروغ دینے، اقتصادی مسابقت بڑھانے اور معیارِ زندگی بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پانچ سال سے بھی کم عرصے میں یہ منصوبہ ایک مربوط قومی نیٹ ورک کی صورت اختیار کر چکا ہے، جو ملک بھر میں کمیونٹیز اور کاروباری مراکز کو آپس میں جوڑ رہا ہے اور اقتصادی و سماجی ترقی کے نئے مواقع پیدا کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ابوظہبی اور فجیرہ کے درمیان خدمات کے لیے عوامی دلچسپی اور طلب، مسافر ریل نظام پر اعتماد کی عکاس ہے اور یہ قومی ٹرانسپورٹ نظام کی کارکردگی میں اضافے کا سبب بنے گی۔

☆☆☆



عبداللہ بن زاید کی موجودگی امارات کا اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے موقع پر یوتھ ڈائیلاگ منعقد

نیویارک میں عبداللہ بن زاید نے نوجوانوں کو عالمی چیلنجز کے حل اور فیصلہ سازی میں مؤثر شمولیت کا اہم شراکت دار قرار دیا

ریم بنت ابراہیم الہاشمی اور عمران شرف نے نوجوانوں، مصنوعی ذہانت، ٹیکنالوجی، تعلیم، روزگار اور جدت کے کردار پر گفتگو کی

افراسیاب الخمیلی کی میزبانی میں 10 ممالک کے 52 نوجوان مندوبین نے عالمی مسائل، موسمیاتی تبدیلی اور تنازعات پر تبادلہ خیال کیا



نیویارک (بزنس رپورٹر) متحدہ عرب امارات نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس (81 UNGA) کے موقع پر نیویارک میں نوجوانوں کے لیے ''یوتھ ڈائیلاگ'' کا انعقاد کیا، جس میں متحدہ عرب امارات کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ عزت مآب شیخ عبداللہ بن زاید آل نہیان نے شرکت کی۔ متحدہ عرب امارات کی وزارت خارجہ نے نیویارک میں اقوام متحدہ کے لیے متحدہ عرب امارات کے مستقل مشن میں یوتھ ڈائیلاگ کا اہتمام کیا۔ تقریب میں 10 ممالک سے تعلق رکھنے والے 52 نوجوان مندوبین نے شرکت کی، جن میں بحرین، لبنان، امریکا، عوامی جمہوریہ چین، بھارت، جمہوریہ گیمبیا، برطانیہ، کینیڈا، آسٹریلیا اور میکسیکو کے نوجوان شامل تھے۔ امریکا میں زیر تعلیم اماراتی نوجوانوں نے بھی اس مکالمے میں شرکت کی۔ شرکاء نے نوجوانوں کو درپیش اہم چیلنجز اور مواقع کے ساتھ ساتھ موجودہ عالمی مسائل کے حل کی تیاری میں نوجوان نسل کے کردار پر تبادلہ خیال کیا۔ مکالمے کے دوران نوجوانوں کے مستقبل سے متعلق مختلف اہم امور زیر بحث آئے، جن میں تنازعات کے اثرات، موسمیاتی تبدیلی، ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت میں تیز رفتار پیش رفت، تعلیم اور روزگار کے مواقع، جبکہ زیادہ محفوظ اور پائیدار معاشروں کی تعمیر میں نوجوانوں کے کردار کو خصوصی اہمیت دی گئی۔ شیخ عبداللہ بن زاید آل نہیان نے یوتھ ڈائیلاگ کے شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان صرف مستقبل کے رہنما نہیں بلکہ موجودہ دور کی تشکیل میں بھی اہم شراکت دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی آواز ان کی برادریوں اور دنیا کو درپیش چیلنجز سے متعلق مباحث اور فیصلہ سازی میں سنی جانی چاہیے۔ انہوں نے نوجوانوں کو اپنی سوچ، وژن اور خیالات کے اظہار کے لیے پلیٹ فارم فراہم کرنے اور ان کی امنگوں کو براہ راست سننے کی اہمیت پر زور دیا۔ شیخ عبداللہ بن زاید نے کہا کہ نوجوانوں میں جدت طرازی کی بھرپور صلاحیتیں موجود ہیں، جو معاشروں کو درپیش مسائل کے عملی حل تیار کرنے میں معاون ثابت ہوسکتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کو شامل کرنے کا مطلب صرف ان کے خیالات سننا نہیں بلکہ انہیں حل تیار کرنے اور موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے شراکت داریاں قائم کرنے کے قابل بنانا بھی ہے۔ شیخ عبداللہ بن زاید کے مطابق اس طرز عمل سے عالمی سطح پر جاری کوششوں کی مؤثریت میں اضافہ ہوتا ہے اور انہیں آنے والی نسلوں کی امنگوں سے ہم آہنگ کرنے میں مدد ملتی ہے۔ تقریب میں ایک پینل ڈسکشن بھی منعقد ہوا، جس میں بین الاقوامی تعاون کی وزیر مملکت ریم بنت ابراہیم الہاشمی اور معاون وزیر خارجہ برائے جدید سائنس و ٹیکنالوجی عمران شرف نے شرکت کی۔ پینل ڈسکشن کی میزبانی اور نظامت وزارت خارجہ کے اسٹریٹجک کمیونیکیشنز ڈیپارٹمنٹ کی ڈائریکٹر افراسیاب الخمیلی نے کی۔ ریم بنت ابراہیم الہاشمی نے اپنے خطاب میں کہا کہ نوجوان صرف مستقبل کے رہنما نہیں بلکہ وہ پہلے ہی کاروباری سرگرمیوں اور جدت، بحران سے متاثرہ معاشروں کی مدد اور مختلف فریقوں کے درمیان روابط مضبوط بنانے کے ذریعے درپیش چیلنجز کے حل کی تشکیل میں کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ نوجوانوں کی شمولیت محض ان کے خیالات سننے تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ فیصلہ سازی، شراکت داریوں اور وسائل کی تقسیم میں انہیں بامعنی طور پر شامل کیا جانا چاہیے۔ ان کے مطابق اس عمل سے نوجوانوں کی حل تیار کرنے اور موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کی صلاحیت مزید مضبوط ہوتی ہے۔ دوسری جانب عمران شرف نے کہا کہ تیز رفتار سائنسی اور تکنیکی ترقی سے متاثر ہونے والے مستقبل کی تشکیل میں نوجوانوں کا کردار انتہائی اہم ہے۔



1 ﴿ریڈیو ٹیکنالوجی﴾ ریڈیو ٹیکنالوجی کا شعبہ ۱۹۲۷ء میں قائم ہوا۔ اس وقت یہاں صرف ۱۴ طلبہ تھے۔ اب ۲۱ ہیں۔ ۱۹۳۱ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈپلوما شروع ہوا۔ ۱۹۳۵ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۱۹۴۲ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈگری کورس شروع ہوا۔ ۱۹۴۵ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۱۹۴۸ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈپلوما شروع ہوا۔ ۱۹۵۱ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۱۹۵۴ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈگری کورس شروع ہوا۔ ۱۹۵۷ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۱۹۶۰ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈپلوما شروع ہوا۔ ۱۹۶۳ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۱۹۶۶ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈگری کورس شروع ہوا۔ ۱۹۶۹ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۱۹۷۲ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈپلوما شروع ہوا۔ ۱۹۷۵ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۱۹۷۸ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈگری کورس شروع ہوا۔ ۱۹۸۱ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۱۹۸۴ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈپلوما شروع ہوا۔ ۱۹۸۷ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۱۹۹۰ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈگری کورس شروع ہوا۔ ۱۹۹۳ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۱۹۹۶ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈپلوما شروع ہوا۔ ۱۹۹۹ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۲۰۰۲ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈگری کورس شروع ہوا۔ ۲۰۰۵ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۲۰۰۸ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈپلوما شروع ہوا۔ ۲۰۱۱ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۲۰۱۴ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈگری کورس شروع ہوا۔ ۲۰۱۷ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۲۰۲۰ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈپلوما شروع ہوا۔ ۲۰۲۳ء میں پہلا بیچ فارغ ہوا۔ ۲۰۲۶ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کا ڈگری کورس شروع ہوا۔ ۲۰۲۹ء میں پہلا بیچ فارغ ہوگا۔ ■ ریڈیو ٹیکنالوجی کے شعبے کے سربراہ پروفیسر عبدالحمید ریگزار ہیں۔ وہ ۱۹۸۷ء سے اس شعبے سے وابستہ ہیں۔ ان کے والد بھی ریڈیو ٹیکنالوجی کے طالب علم تھے۔ ان کے والد کا نام عبدالرحیم ریگزار تھا۔ وہ ۱۹۵۲ء میں ریڈیو ٹیکنالوجی کے پہلے بیچ میں شامل تھے۔ ان کا رول نمبر ۷ تھا۔ ان کے والد کا رول نمبر ۱ تھا۔ ان کے والد کا رول نمبر ۱ تھا۔ ان کے والد کا رول نمبر ۱

ڈی ایچ اے میں انتظامی یونٹس کے حوالے سے اہم میٹنگ

سید مصطفیٰ کمال، انیس احمد قائم خانی، شمشاد علی صدیقی، حسان صابر، محمد شارق نسیم اور سدرہ فہد باجی موجود

کراچی (سٹی ڈیسک) ڈی ایچ اے میں انتظامی یونٹس کے حوالے سے ایک اہم میٹنگ کا انعقاد پی ایس 110 سے ایم کیو ایم پاکستان کے نامزد امیدوار محمد شارق نسیم کے گھر پر، شارق نسیم اور سدرہ فہد باجی کے تعاون سے ہوا، جس میں ڈی ایچ اے کے مکینوں نے بھرپور شرکت کی۔ اس میٹنگ میں سینئر مرکزی رہنما سید مصطفیٰ کمال، انیس احمد قائم خانی، شمشاد صدیقی، ایم این اے عبدالحفیظ، حسان صابر، اقبال محمود، محترمہ آسیہ اسحاق باجی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)





معروف کاروباری خاتون شبنم ظفر خیر پور چیمبر کی بلا مقابلہ صدر منتخب

اپنے قائدین افتخار علی ملک، ایس ایم تنویر، زبیر طفیل، خالد تواب اور حنیف گوہر کی شکر گزار ہوں

کراچی (بزنس رپورٹر) معروف کاروباری خاتون شبنم ظفر خیر پور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی بلا مقابلہ صدر منتخب ہوگئیں، جبکہ محمد عادل سینئر نائب صدر اور راجہ دریانول نائب صدر منتخب ہوگئے۔ خیر پور چیمبر کے سالانہ اجلاس عام میں الیکٹو کمیٹی کے دیگر ارکان کا بھی انتخاب کیا گیا۔ نومنتخب ارکان میں پردیپ کمار، گرنومل، وقار احمد، سید ساجد جمال، سعید احمد، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

کراچی ایئرپورٹ پر مسافروں کی طویل قطاریں ختم، وزیر داخلہ کا اظہار اطمینان

نامکمل یا غیر تصدیق شدہ سفری دستاویزات کے حامل مسافروں کو ہرگز سفر کی اجازت نہ دی جائے، محسن نقوی

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ پر مسافروں کی طویل قطاریں ختم ہونے پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے جناح انٹرنیشنل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پی ایم اے صحبت پور کی مرکزی تنظیم کی ہڑتال کی حمایت، ضلع بھر میں او پی ڈی بند

میڈیکل سروسز پر ٹیکس اور پی او ایس نظام کے خلاف احتجاج، ایمرجنسی و داخل مریضوں کی خدمات جاری رہیں گی

کراچی (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) صحبت پور نے مرکزی پی ایم اے کی جانب سے ملک بھر کے سرکاری و نجی اسپتالوں میں 30 ستمبر کو مکمل ہڑتال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

ٹی آئی انڈونیشیا کے وفد کا سندھ انفارمیشن کمیشن کا دورہ

حقِ معلومات کے قوانین پر تبادلہ خیال، محمد سلیم خان، نور محمد ڈاہری، ذوالفقار علی راجپر، ازرا اکبرانی، نسرین میمن بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل انڈونیشیا کے ایک وفد نے سندھ انفارمیشن کمیشن (SIC) کا دورہ کیا، جہاں صوبے میں سندھ ٹرانسپرنسی اینڈ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2016 کے نفاذ، تجربات کے تبادلے اور بالخصوص سندھ کے سرکاری محکموں اور دیگر عوامی اداروں کے پاس موجود معلومات تک شہریوں کی رسائی کو آسان بنانے کے طریقہ کار اور چیلنجوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کا استقبال سندھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



ایک لڑکی کو تعلیم دینا آنیوالی نسلوں کو سنوارتا ہے: یوسف رضا گیلانی

نئے یتیم خانے المصطفیٰ مائی ہوم کی افتتاحی تقریب، حاجی حنیف طیف، حمزہ تبانی، رفیق سلیمان، فرحان اشرفی کی خاص شرکت



کراچی (بزنس رپورٹر) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے لڑکیوں کی تعلیم اور بااختیاریت میں زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کا انحصار ہر لڑکی کو مساوی مواقع، معیاری تعلیم اور ایک آزاد مستقبل کی تعمیر کے وسائل فراہم کرنے پر ہے۔ المصطفیٰ ویلفیئر ٹرسٹ کے قائم کردہ ایک نئے یتیم خانے "المصطفیٰ مائی ہوم" کی افتتاح تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، گیلانی نے کہا کہ لڑکیوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

پاک افغان جوائنٹ چیمبر کا 12 واں سالانہ اجلاس

زبیر موتی والا نے صدارت کی، محمد جاوید بلوانی اور موجودہ صدر جنید اسماعیل ماکڈا بھی موجود



کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان افغانستان جوائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا 12 واں سالانہ جنرل اجلاس منعقد ہوا، جس میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان دوطرفہ تجارت، علاقائی روابط اور کاروباری سطح پر تعلقات کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین محمد زبیر موتی والا نے کی، جبکہ منتخب صدر محمد جاوید بلوان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ موجودہ صدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

سیلانی کی خوبی یہ ہے کہ ہر کام بہترین طریقے سے انجام دیتے ہیں، سعید غنی

صوبائی وزیر کا زیتون اشرف آئی ٹی پارک کا دورہ، افضل چامڑیہ اور محمد غزال نے سیلانی کے تعلیمی منصوبوں پر بریفنگ

کراچی (بزنس رپورٹر) سندھ کے وزیر برائے محنت و افرادی قوت اور سماجی تحفظ سعید غنی نے کہا ہے کہ وہ سیلانی کے بہت بڑے فین ہیں کیونکہ سیلانی کی خدمات کا دائرہ نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا کے کئی ممالک تک پھیلا ہوا ہے اور اس وجہ سے سیلانی کو پوری دنیا میں نمایاں شہرت ملی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)



صومالی قزاقوں کی قید میں جاں بحق پاکستانیوں کے اہلخانہ کا حکومت سے لاشیں واپس لانے کا مطالبہ، 5 ماہ سے احتجاج کرتے رہے، حکومت ہمارے پیاروں کو زندہ نہ لاسکی، اب میتیں ہی وطن واپس لائی جائیں، اہلخانہ

کراچی (این این آئی) صومالی قزاقوں کی قید میں رہنے والے پاکستانیوں کے اہلخانہ نے حکومت سے اپنے پیاروں کی میتیں فوری وطن واپس لانے کا مطالبہ کیا ہے۔ جاں بحق سیکنڈ انجینئر کاشف عمر کے بیٹے نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم 5 ماہ سے احتجاج کرتے رہے لیکن حکومت نے کچھ نہیں کیا، ہم کیڑے مکوڑے نہیں، میرے تین بہن بھائی ہیں، میں کیا کروں گا، حکومت میرے والد کی میت وطن واپس لانے کیلئے فوری انتظامات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

شیخ عمر ریحان پھر بلا مقابلہ کاٹی کے صدر منتخب

فرخ علی قندھاری سینئر نائب صدر اور ناصر شیخ نائب صدر منتخب، زبیر چھایا، زبیر طفیل، خالد تواب اور حنیف گوہر کی مبارکباد

کراچی (کامرس رپورٹر) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کانی) کے انتخابات میں شیخ عمر ریحان بلا مقابلہ صدر منتخب ہوگئے، جبکہ سید فرخ علی قندھاری سینئر جب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)



منگھوپیر ناردرن بائی پاس پر تیز رفتار وین الٹنے سے خاتون سمیت 4 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) منگھوپیر ناردرن بائی پاس پر چلغازی کٹ کے قریب تیز رفتاری کے باعث ہائی جیٹ الٹ گئی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

ایس ایچ او کے فارم ہاؤس اور پٹرول پمپ پر چھاپہ، ایرانی ڈیزل برآمد

کراچی (این این آئی) کسٹمز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ناردرن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

مراکش کی تاریخ میں بڑا سیاسی موڑ، فاطمہ زہرا المنصوری پہلی خاتون وزیر اعظم مقرر

فاطمہ عرب دنیا کی دوسری خاتون وزیر اعظم ہیں، اس سے قبل تیونس کی نجلا بودن وزیر اعظم کے منصب پر فائز رہ چکی

کراچی (بزنس رپورٹر) مراکش کے شاہ محمد ششم نے فاطمہ زہرا المنصوری کو ملک کی پہلی خاتون وزیر اعظم مقرر کرتے ہوئے نئی حکومت تشکیل دینے کی ذمہ داری سونپ دی ہے۔ یہ مراکش کی سیاسی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہے کہ کوئی خاتون حکومت کی سربراہ مقرر ہوئی ہیں۔ 50 سالہ فاطمہ زہرا المنصوری کا تعلق صداقت و جدیدیت پارٹی سے ہے جس نے 23 ستمبر کو ہونے والے پارلیمانی انتخابات میں سب سے زیادہ نشستیں حاصل کیں۔ پارٹی نے 395 رکنی ایوانِ نمائندگان میں 97 نشستیں جیتیں، جبکہ نیشنل رلی آف انڈیپنڈنٹس 66 اور استقلال پارٹی 65 نشستوں کے ساتھ بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہیں۔ چونکہ PAM کو حکومت بنانے کے لیے درکار 198 نشستوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

ایک لاکھ آؤٹ آف اسکول بچوں کو تعلیم سے جوڑ دیا، سردار علی شاہ

نان فارمل ایجوکیشن کے تحت 16 اضلاع میں تعلیمی مراکز قائم، فیسلیٹیٹرز میں ایک ہزار ڈیجیٹل ٹیبلٹس تقسیم

جو بچے روایتی اسکولوں تک رسائی حاصل نہیں کر پاتے انہیں کمیونٹی کے تعاون سے معیاری تعلیم دی جارہی ہے

نان فارمل ایجوکیشن پروگرام اپریل 2025 میں شروع کیا گیا تھا، شراکت داروں، سماجی تنظیموں کا بھرپور تعاون حاصل ہے



کراچی (بزنس رپورٹر) وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ نے کہا ہے کہ سندھ میں نان فارمل ایجوکیشن پروگرام کے تحت تقریباً ایک لاکھ اسکول سے باہر بچوں کو تعلیمی نظام سے جوڑنے میں کامیابی حاصل ہوئی ہے، نان فارمل ایجوکیشن پروگرام اپریل 2025 میں شروع کیا گیا تھا۔ کراچی اسکاؤٹس آڈیٹوریم میں نان فارمل ایجوکیشن فیسلیٹیٹرز میں ایک ہزار ڈیجیٹل ٹیبلٹس تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کہا کہ جو بچے روایتی اسکولوں تک رسائی حاصل نہیں کر پاتے، انہیں کمیونٹی کے تعاون سے تعلیم کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نان فارمل ایجوکیشن کے ذریعے بالخصوص لڑکیوں، پسماندہ طبقات اور اسکولوں تک رسائی سے محروم بچوں کو تعلیمی نظام کا حصہ بنانے پر توجہ دی جارہی ہے۔ پروگرام کے تحت 6 اضلاع میں تقریباً ایک لاکھ بچوں کو تعلیم سے جوڑنا اہم پیش رفت ہے۔ سید سردار علی شاہ نے کہا کہ نان فارمل ایجوکیشن غیر رسمی ضرور ہے تاہم اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے، ایک ہزار ٹیبلٹس کی تقسیم ایک ہزار فیسلیٹیٹرز کو بااختیار بنانے اور اتنے ہی تعلیمی مراکز کو مضبوط کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل ٹیبلٹس کے ذریعے فیسلیٹیٹرز سے براہ راست رابطے، طلبہ کی حاضری اور دیگر تعلیمی امور کی نگرانی میں مدد ملے گی جبکہ دور دراز علاقوں کے مراکز میں بچوں کو تدریسی سرگرمیوں کے لیے ڈیجیٹل سہولت بھی میسر آئے گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ٹیکنالوجی کو مقصد نہیں بلکہ ہر بچے تک تعلیم پہنچانے اور نان فارمل ایجوکیشن مراکز کو بہتر بنانے کا ذریعہ بنایا جارہا ہے۔ فیسلیٹیٹر ٹیبلٹس کو طلبہ کی شمولیت، تدریس اور تعلیمی نتائج بہتر بنانے کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کریں۔ انہوں نے کہا کہ اسکول سے باہر بچوں کا مسئلہ صرف سندھ نہیں بلکہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے، تاہم سندھ حکومت اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے۔ نان فارمل ایجوکیشن مراکز کے قیام میں سماجی تنظیموں، کمیونٹی ہیڈ آرگنائزیشنز اور دیگر شراکت داروں کا تعاون حاصل ہے۔ جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی پاکستان کی تعلیم و خواندگی سے متعلق منصوبے کی چیف ایڈوائزر چیہو اوہاشی نے کہا کہ ایک ہزار ڈیجیٹل ٹیبلٹس فیسلیٹیٹرز کو تدریس، طلبہ کے ریکارڈ، رابطہ کاری اور نگرانی میں معاونت فراہم کریں گے۔ ڈائریکٹر نان فارمل ایجوکیشن عبدالجبار مری نے بتایا کہ ڈیجیٹل آلات کے ذریعے طلبہ کی حاضری اور تعلیمی ریکارڈ بروقت محفوظ اور اپ ڈیٹ کیا جاسکے گا۔ نان فارمل ایجوکیشن مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے ذریعے طلبہ اور مراکز سے متعلق معلومات کی نگرانی بھی بہتر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ نان فارمل سینٹر میں آنے والے ہر بچے کو نادرا کا ب فارم حاصل کرنے میں مدد فراہم کی جاتی ہے۔

معروف صنعتکار ذکریا اکبر ضیاء نے اسلام آباد چیمبر کے صدر کا حلف اٹھالیا

مقبول عام اشفاق حسین چٹھا نے سینئر نائب صدر، محمد وقاص خان نے نائب صدر کا حلف اٹھایا، شیخ طارق صادق نے حلف لیا

اولین ترجیح، کاروباری برادری کے مسائل کے حل کے لیے عملی اور نتیجہ خیز جدوجہد کرنا ہے، نومنتخب صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر کا مکالمہ

سابق صدر محمد اعجاز عباسی نے کامیاب نظامت کی، سیکریٹری جنرل غلام مرتضیٰ نے اجلاس کا ایجنڈا پیش کیا منتخب باڈی کو مبارکباد



اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے نومنتخب عہدیداران اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان نے بدھ کے روز منعقدہ 42 ویں سالانہ اجلاسِ عام کے دوران اپنے اپنے عہدوں کا حلف اٹھا کر باضابطہ طور پر ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ محمد ذکریا اکبر ضیاء نے صدر، محمد اشفاق حسین چٹھہ نے سینئر نائب صدر جبکہ محمد وقاص خان نے نائب صدر کے عہدے کا حلف اٹھایا۔ حلف چیئرمین آئی سی سی آئی فاؤنڈر گروپ شیخ طارق صادق نے لیا۔ سابق صدر آئی سی سی آئی محمد اعجاز عباسی نے تقریب کے نظامت کے فرائض انجام دیے۔ اجلاس میں آئی سی سی آئی کے بڑی تعداد میں ارکان نے شرکت کی، جو کاروباری برادری کی چیمبر کے ساتھ بھرپور وابستگی کا مظہر ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نومنتخب صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا کہ ان کی اولین ترجیح کاروباری برادری کی مؤثر نمائندگی اور کاروباری مسائل کے حل کے لیے عملی اور نتیجہ خیز جدوجہد ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ چیمبر متعلقہ سرکاری اداروں کے ساتھ مؤثر رابطہ جاری رکھتے ہوئے سرمایہ کاری، تجارت اور کاروباری سرگرمیوں کے لیے سازگار ماحول کے فروغ میں اپنا کردار ادا کرے گا، تاکہ اسلام آباد سمیت ملک میں پائیدار معاشی ترقی کو تقویت دی جاسکے۔ ذکریا اکبر ضیاء نے فاؤنڈر گروپ اور چیمبر کے اراکین کا ان پر اعتماد کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ ان کی توقعات پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ انہوں نے سبکدوش ہونے والی قیادت کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ نئی ٹیم سابق قیادت کے شروع کردہ مثبت اقدامات کو آگے بڑھانے کے ساتھ ساتھ چیمبر کے کردار کو مزید مؤثر بنانے کے لیے نئی اور عملی ترجیحات پر بھی کام کرے گی۔ سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور نائب صدر محمد وقاص خان نے بھی اجلاس سے خطاب کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ صدر اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین کے ساتھ مل کر کاروباری برادری کے مفادات کے تحفظ اور فروغ کے لیے مشترکہ طور پر کام کریں گے۔ سبکدوش صدر سردار طاہر محمود نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئی قیادت کاروباری برادری کی خدمت اور آئی سی سی آئی کے کردار کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے گی۔ انہوں نے اپنے دورِ صدارت کی اہم کامیابیوں اور اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ انہیں امید ہے کہ نئی قیادت چیمبر کی روایات اور حاصل کردہ پیش رفت کو آگے بڑھائے گی۔ چیئرمین آئی سی سی آئی فاؤنڈر گروپ شیخ طارق صادق نے بھی نومنتخب قیادت کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئی ٹیم کاروباری برادری کے مفادات کے فروغ کے لیے مؤثر کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے سبکدوش قیادت کی خدمات کو سراہا اور فاؤنڈر گروپ کے امیدواروں پر اعتماد کرنے پر چیمبر کے اراکین کا شکریہ ادا کیا۔ سبکدوش سینئر نائب صدر طاہر ایوب اور نائب صدر محمد عرفان چوہدری نے بھی اپنے دو رِ ذمہ داری کے دوران کیے گئے اہم اقدامات اور کامیابیوں پر روشنی ڈالی اور نومنتخب قیادت کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔



